پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا سانحہ لٹل سکالرز سکول ڈیرہ غازی خان کا نوٹس

لاہور، 2 جون 2026ء

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے ڈیرہ غازی خان میں پیش آنے والے افسوسناک سانحہ لٹل سکالرز سکول کا نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ تفتیشی افسر کو مکمل ریکارڈ سمیت 3 جون 2026ء کو طلب کر لیا ہے۔پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ہدایت کی ہے کہ واقعہ کے تمام پہلوؤں کا غیر جانبدارانہ، شفاف اور میرٹ پر مبنی جائزہ لیا جائے اور تفتیش کو درست قانونی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ واقعہ کے ذمہ دار افراد کا تعین کرکے انہیں قانون کے مطابق انجام تک پہنچایا جا سکے۔

سید فرہاد علی شاہ نے متعلقہ پراسیکیوٹرز کو بھی ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ مقدمہ کی تفتیش کے دوران مکمل قانونی معاونت فراہم کریں، شواہد کا باریک بینی سے جائزہ لیں اور اس امر کو یقینی بنائیں کہ کیس کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جائے تاکہ ذمہ دار عناصر قانون کی گرفت سے بچ نہ سکیں۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ مقدمہ کی ہر سطح پر نگرانی کرے گا اور انصاف کی فراہمی کے لیے تمام قانونی اقدامات بروئے کار لائے جائیں گے۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا